هنگیرین هیلسنکی بورڈ

1074 Budapest,Dohány utca 20.II/9

1242 Budapest, Pf.317

Tel/fax: +0036 1 321 4323,321 4141,321 4327

helsinki@helsinki.hu

www.helsinki.hu

پناہ مانگنے کی درخواست دینے کیلئےمتعارف کرائے گئے نئے قوانین

قوانین مىں تبدیلی کی تاریخ 22جون 2020

هنگری مىں وقتی طور پر (31دسمبر 2020) پناه دینے کی درخواست کے جمع کرانے کے قوانین بدل جائىں گے.16جون 2020تک عملی طور پر یا حقیقت مىں کوئی پناه کی درخواست یا کیس جمع نهىں کیا گیا.اس لئے اس اطلاع نامه مىں هم وهی لکھ رہے هىں جو نئے قوانین سے اخذ هوں گے.ایسے بهت سے سوالات هىں جن کے جوابات ان نئے قوانین سے نهىں ملىں گے.ان سوالوں کے جوابات یا تو عملی کام سے ملىں گے یا ان قوانین مىں ایک بار پھرتبدیلی کرنے سے ملىں گے.

هنگری مىں پناه کیسی مانگی جا سکتی ہے؟

1. کیا مىں هنگری مىں پناه مانگ سکتا یا سکتی هوں اگر مىں هنگری مىں موجود هوں؟

جی هاں ،آپ اگر هنگری مىں موجود هىں تو آپ ذیل مىں بیان کئے گئے صورت مىں پناه مانگ سکتے هىں.

- پانچ ساله قبولی
- مهاجرین یا پانچ ساله قبولی لینے والے کے کم عمر بچے هو.
- کم عمر مهاجر یا پانچ ساله قبولی لینے والے کے والدین یا قانونی سربراه هو.
- مهاجرین یا پانچ ساله قبولی لینے والے کے شوهر یا بیوی هو. بشرط یه که شادی هنگری آنے سے پهلے هوئی هو.

یا

قانونی طور پر ہنگری آئے ہو ں یعنی مناسب دستاویزات ویزہ اور پاسپورٹ رکھتے ہو اور آپ کی آزادی پر پابندی ہو یا آپ کو گرفتار کر لیا گیا ہو یا کسی جرم کی سزا کاٹ رہے ہوں.مثلا اگر آپ نے کوئی جرم کیا ہو اور اُسکی وجہ سے آپ جیل میں ہوں یا آپ کی بے دخلی کا حکم دیا گیا ہوں اور آپ اسی وجہ سے ایلین آفس کی تحویل میں ہوں،تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کی ذاتی آزادی پر پابندی لگائی گئی ہیں.

کس طرح پناہ مانگ سکتےیا سکتی ہوں؟

پناہ دینے کے تمام درخواست اپنی موجودگی میں تحریری اور تقریری طور پر دفتری اوقات میں مہاجرین کے دفتر میں دے سکتے ہیں.مہاجرین کے ادارے کا نام ہے.خارجی لوگوں کے لئے مملکتی ادارہ،مہاجرین کے لئے ادارہ،پناہ مانگنے کا برانچ،پتہ 1117 بداپست بودافوکی روڈ 60 ،ہون لاپ ایت

. کیا پناہ مانگ سکتا ہوں اگر میں ہنگری میں موجود نہیں ہوں؟2

جی ہاں، لیکن پہلے آپ کو قانونی طور پر ایک فارم پُر کرکے تحریری طور پر یوکرین یا بلگریڈ سربیہ میں ہنگری کے سفارت خانے میں جمع کرانا ہوگا.جس میں آپ نے یہ بیان کرنا ہو گا کہ آپ ہنگری میں پناہ مانگنا چاہتے ہیں. یہ پناہ لینے کی درخواست کو پناہ مانگنے کے ادارے میں بھیجا جاتا ہےاور یہ ادارہ آپ کو سفر کرنے کی اجازت دیتا ہے.ہنگری میں داخل ہونے کے بعدآپ ہنگری کے پناہ لینے والے ادارے کے دفتر جائیں گے جہاں پر آپ کو پھر سے پناہ کے لئے درخواست جمع کرانے ہوں گی.

کیسے آپ پناہ مانگ سکتے ہیں؟

پناہ مانگنے کی درخواست جمع کرانے سے پہلے اور ہنگری سفر سے پہلے آپ کو ایک تحریری درخواست اور فارم پُر کرکے دستخط کرنے کے بعد یوکرائن یا سربیا میں ہنگری کے سفارت خانے میں جمع کرانا ہوگا.

ہنگرین سفارت خانہ کیو ،یوکرائنhttps//kijev.mfa.gov/hu.hun

ہنگری سفارت خانہ بیلگریڈ سربیہhttps//belgrad.mfa.gov.hu/hun.

. ہنگری میں ہوں لیکن نئے قوانین کے مطابق پناہ نہیں مانگ سکتا یا سکتی؟3

پناہ مانگنے کے لئے کیسے درخواست جمع کرا سکتا ہوں؟

اس بارے میں نئے قوانین قطعی طور پر کوئی معلومات یہ وضاحت نہیں رکھتا، اس لئے ہمارہ مشورہ یہ ہے کہ آپ پناہ اتھارٹی ادارہ یا خارجی مملکتی ادارہ

Budapest,Budafoki ut 60 یا ہنگری ہیلسنکی کمیٹی یا بورڈ سے رجوع کریں. 1117

helsinki@helsinki.hu,+36 1 321 4323

4. سفارت خانے میں کیا طریقہ کار ہوگا؟

آپ سفارت خانے میں اپنی موجودگی میں فارم پُر کرکے اور دستخط کرکے خود جمع کرائیں گے. اگر آپ کی بیوی یا بچے بھی ہو تو ایک ہی درخواست تحریری پرفارمہ پُر کرنا کافی ہے.آپ کو اپنا رابطہ نمبر بھی دینا ہوگا.سفارت خانہ میں آپ کی تصویر لی جائےگی.

آپ کو اپنے دستاویزات دیکھانے ہوں گے مثلا پاسپورٹ ،شناختی کارڈ یا پھر دوسرے دستاویزات یعنی اپنی پیدائیش سرٹیفیکیٹ یا بچوں کے پیدائش سرٹیفییکیٹ.اگر آپ کے پاس مندرجہ بالا دستاویزات موجود نہیں،تو آپ کوئی بھی ایسی دستاویزات دیکھا سکتے ہیں جس سے آپ کی شناخت ظاہر ہو جائے.آپ کےان دستاویزات سےسفارت خانے میں فوٹوں کاپی لی جائے گی.

آپ کی لکھی گئی درخواست تحریر نامہ اور آپکی دی گئی دستاویزات کے کاپیز کو ہنگری ادارہ برائے مہاجرین بھیجا جاتا ہے.اگر ادارہ مہاجرین آپ کے ساتھ انٹرویو کرنا چاہتا ہویا آپ کا بیان لینا چاہتا ہو تو اس بارے میں آپ کو سفارت خانے سے اطلاع دی جائے گی.آپ کے دئے گئے رابطہ نمبرپر آپ کو انٹرویو کے لئے پھر سفارت خانے جانا پڑے گا.آپ کی انٹرویو فون پر یاآن لائن ویڈیو کال پر لی جائی گی.فون کال کا انتظام سفارت خانہ یا ادارہ برائے مہاجرین کرے گااور ضرورت پڑنے پر ترجمان بُلانابھی اُن کا کام ہے.

کیا کیس کا کوئی فیس ہے؟

نہیں ،یہ کیس کی کاروائی مفت ہے.

کیا سفارت خانہ آپ کے درخواست یا تحریر نامے کو جمع کرانے سے انکار کر سکتا ہے؟

نہیں،اگر آپ نے فارم پُر کیا ہو اور اُس پر دستخط موجود ہو.

5. ہنگری کب سفر کر سکتا ہوں یا جا سکتا ہوں؟

اگر ہنگیرین ادارہ برائے مہاجرین سے آپ کو اجازت مل گئی ہو کہ آپ ہنگری جا سکتے ہے تو اپ کو سفارت خانے سے اطلاع دے دی جائے گی.ہو سکتا ہے کہ آپ کہ آپ ادارہ مہاجرین ہنگری آنے کی اجازت دے لیکن ایسے کوئی دستاویزات نہیں ان کے پاس جو سفر کے لئے ضروری ہو (ہنگری آنے کے لئے پاسپورٹ کا ہونا ہمیشہ لازمی ہے. اس کے ساتھ آپ ویزہ کے بغیر

ہنگری نہیں آ سکتے ہو ،ویزہ یا ریزیڈنٹ پرمٹ کا ہونا لازمی ہے).اس وقت سفارت خانہ آپ کے سفر کے لئے ایک خاص دستاویز بنائے گی.سفارت خانے کے اطلاع دینے سے 15دن کے اندر اندر آپ کو یہ دستاویز سفارت سے وصول کرنی پڑی گی.یہ دستاویز 30 دن تک استعمال کے قابل ہے.جس کے ذریعے آپ ایک بار ہنگری سفر کر سکتے ہے،یعنی بار بار سفر کرنے کے لئے استعمال نہیں کی جا سکتی.

6. درخواست یا تحریر نامہ جمع کرانے کے بعد ہنگری آنے کی جازت مل گئی ہے.جب یہاں پہنچوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟

بارڈر پر آپ کو سرحدی پولیس کو بتانا ہے کہ آپ پناہ مانگنا چاہتے ہے.سرحدی پولیس آپ کو 24 گھنٹوں کے اندر ادارہ برائے مہاجرین تک پہنچا دیں گے.ادارہ برائے مہاجرین آپ کے پناہ مانگنے کے کیس کو ضبط کرے گا.یہ کہ ہنگیرین ادارہ برائے مہاجرین نے آپ کو ہنگری سفر کرنے کی اور یہاں پناہ مانگنے کی اجازت دی .اسکا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ آپ کو پناہ گزین یا پانچ سالہ قبولی مل جائے گی.اس تمام کاروائی کے آخر میں ادارہ برائے مہاجرین کئی طرح کے فیصلے کر سکتا ہے.

آپ کو پناہ گزین کے طور پر مان کر آپ کو پناہ دے دی جائے گی یا پانچ سالہ قبولی دی جائے گی.دونوں حقوق ایک ہی جیسے ہےاور آپ کی درخواست کو رد بھی کیا جا سکتا ہے.اگر آپ کے خیال میں ادارہ برائے مہاجرین نے صحیح فیصلہ نہیں کیا تو آپ اس فیصلے کے خلاف عدالت میں اپیل کر سکتے ہیں.

اس تمام کاروائی کے دوران آپ کو ادارہ برائے مہاجرین کے ساتھ تعاون کرنا ہو گا.

7. درخواست جمع کرانے کے بعد مجھے ہنگری آنے کی اجازت مل چکی ہے،جیاں پر میں نے پناہ مانگی ادارہ برائے مہاجرین سے.اس کے بعد کیا ہوگامیرے ساتھ؟

جب آپ کو بارڈر سے ادارہ برائے مہاجرین لایا گیاجہاں پر آپ نے پھر سے یہ بتایا کہ آپ پناہ مانگنا چاہتے ہیں .آپ کو ایک بند جکہ پر زیادہ سے زیادہ 4 ہفتے تک رکھا جائے گا.یہ جگہ مہاجرین کے لئے بنائی گئی ہو گی.جس سے آپ ان 4 ہفتوں میں نہیں نکل سکتے .آپ کے پناہ مانگنے کی درخواست کو ہنگری آنے کے بعد تمام مہاجرت کے قوانین کی مطابق ہینڈل کیا جائے گا.

قوانین

.233(28.5) حکومتی فرمان برائے انسانی زندگی اور جائیداد کی تحفظ کو خطرے کا سبب یعنی2020
وبا کی رکاوٹ کے لئے بنایا گیا قانون وبا کے نتائج

سے تحفظ،ہنگری کے شہریوں کی صحت اور زندگیوں کو بچانے کے لئے صادر شدہ قانون جو
کہ ہنگامی صورت حال صادر ہو چکا ہے.

.2020) حکومتی فرمان برائے انسانی زندگی اور جائیداد کی تحفظ کو خطرے کا سبب یعنی وبا کی15)
رکاوٹ کے لئے بنایا گیا قانون وبا کے نتائج

سے تحفظ،ہنگری کے شہریوں کی صحت اور زندگیوں کو بچانے کے لئے صادر شدہ قانون جو
کہ ہنگامی صورت حال صادر ہو چکا ہے.

.233(26.5)حکومت فرمان2020

.2020(17.6) پناہ کے لئے درخواست پیش کرنے کے لئے وزارت داخلہ کا صادر شدہ فرمان.16

سال 58ہنگامی صورت حال کو منسوخ کرنے کے لئے اور وبا کے روک تھام کے لئے2020
صحیح انتظام کا قانون

سال 80قانون برائے پناہندگی 2007

.2007(9.9) حکومت فرمان لاگو کرنے کا قانون301

سال 80قانون برائے پناہندگی 2007

.40(3.11) ہنگامی صورت حال کو اعلان کرنے کے لئے بنایا گیا حکومتی فرمان2020